10825 ـ اس کے حصہ سے سودی بنك میں حصص کی خریداری کرلی

سوال

ایك کمپنی میں میرے حصص تھے یہ کمپنی 25 برس قبل دیوالیہ ہو گئی، کمپنی کے کچھ لوگ ایسے تھے جنہیں وصیت کی گئی تھی، انہوں نے باقی مانندہ رقم سے 25 برس قبل سودی بنك میں ایك ہزار ریال کے حساب سے حصص خرید لیے، اور اب اس ایك حصہ کی قیمت تیس ہزار ہے، مجھے اس رقم کی سخت ضرورت ہے، تو کیا حصص کی موجودہ رقم حاصل کرنا جائز ہے؟ یہ علم میں رکھیں کہ اس ساری مدت میں ہمیں اس بنك کے حصص کی خریداری کا کوئی علم نہیں تھا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ساری رقم یعنی اصل اور اس پر ملنے والا فائدہ حاصل کرلیں اور پھر اس میں سے اصل رقم اپنے پاس رکھیں کیونکہ یہ آپ کی ملکیت ہے، اور فائدہ کو خیر وبھلائی کے کاموں میں صدقہ کردیں، کیونکہ یہ سود ہے.

اللہ تعالی آپ کو اپنے فضل و کرم سے غنی کردے گا اور اس کے عوض میں اس سے بھی بہتر عطا فرمائے گا، اور آپ کی ضروریات پوری کرنے میں مدد و تعاون بھی کرے گا.

کیونکہ جو کوئی شخص بھی اللہ تعالی کا تقوی اور پرہیزگاری اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اس کے لیے نکلنے کی راہ بنا دیتاہے، اور اسے رزق بھی ایسی جگہ سے عطا کرتا ہے جہاں سے اسے گمان بھی نہیں ہوتا، اور جو کوئی شخص اللہ تعالی پر توکل اور بھروسہ کرتا ہے اللہ تعالی اس کے لیے کافی ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق عطا کرنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے.